Altamash / Sadiq

20-12-2024

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...... آسیہ میمونہ

--------------------------------

**Music**

1- پارلیمنٹ کے موسم سرما کا اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا۔ جیسا کہ لوک سبھا اور راجیہ سبھا کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کردیا گیا۔

2- لوک سبھا نے، ایک ملک ایک انتخاب سے متعلق دو بلوں کو پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کو بھیج دیا ہے۔

3- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ دفاع کے شعبے میں ملک کی خود کفالت اور حکمت عملی سے اِس کی عالمی شراکداری کو استحکام حاصل ہوگا۔

4- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے مغربی بنگال کے شہر سلی گوڑی میں میں سشستر سیما بل کے اکسٹھویں یوم تاسیس کے پروگرام میں حصہ لیا۔

5- راجستھان میں جے پور-اجمیر قومی شاہ راہ پر کئی گاڑیوں کے گیس ٹینکر سے ٹکراجانے کے سبب آگ لگنے کے حادثے میں 7 افراد ہلاک اور 33 زخمی ہوگئے۔

6- ہریانہ کے سابق وزیراعلیٰ اور سینئر انڈین نیشنل لوک دل کے رہنما اوم پرکاش چوٹالہ کا گڑگاؤں میں انتقال ہوگیا۔

7- اور بھارت نے امریکی ملک لے سوتھو کے عوام کی خوراک اور تغذیہ کی ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد فراہم کی ہے۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

LS Sine Die

پارلیمنٹ کے موسم سرما کا اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا، جیسا کہ آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کردی گئی۔ صبح کے وقت جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو اپوزیشن اراکین نے وزیر داخلہ امت شاہ کی جانب سے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے بارے میں ایک بیان پر نعرے بازی شروع کردی۔ شور وغل کے درمیان اسپیکر اوم برلا نے ارکان پارلیمنٹ سے، سختی سے ضابطوں کی پیروی کرنے اور پارلیمنٹ کے کسی بھی دروازے پر احتجاج کرنے سے باز رہنے کی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ اِس سلسلے میں کسی خلاف ورزی پر کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارلیمنٹ کے وقار کو برقرار رکھنا تمام اراکین کی اجتماعی ذمہ داری

ہے۔ اس ہنگامے کے دوران، ایک ملک ایک انتخاب سے متعلق دو بل پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کو بھیج دیے گئے۔

اِس کے بعد اسپیکر نے ایوان کی کارروائی غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دی۔

اِسی دوران راجیہ سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو ایوان میں برسراقتدار اور اپوزیشن پارٹیوں کے درمیان نعرے بازی اور جواباً نعرے لگائے گئے جس سے ہنگامہ برپا ہو گیا۔

چیئرمین جگدیپ دھنکھر نے پارلیمنٹ کے اراکین سے عوامی اعتماد اور توقعات کا احترام کرنے کی اپیل کی۔ چیئرمین نے ہر ممبرپارلیمنٹ پر زور دیا کہ وہ چاہے کسی بھی پارٹی سے تعلق رکھتے ہوں، اپنا محاسبہ کریں۔ شور وغل کے دوران انھوں نے ایوان کی کارروائی دوپہر 12 بجے تک کے لیے ملتوی کردی ۔ دوپہر 12 بجے ایوان کی کارروائی جب دوبارہ شروع ہوئی، تو ایک ملک ایک انتخاب بل پر پارلیمنٹ کی جوائنٹ کمیٹی کے لیے 12ارکان کو نامزد کرنے کی ایک تحریک شروع کی گئی۔

چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے اپنے اختتامی کلمات میں اِس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ اِس اجلاس کے دوران مسلسل ہنگامہ آرائی کی وجہ سے کام کاج صرف چالیس فیصد تک ہوا ہے۔ اِس کے بعد انھوں نے ایوان بالا کی کارروائی کو غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کردیا۔ پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس پچھلے مہینے کی 25 تاریخ کو شروع ہوا تھا۔x

**LS ONE NATION ONE ELECTION**

''ایک ملک ایک انتخاب'' سے متعلق دو بلوں کو، پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کے سپرد کردیا گیا ہے۔ اِس کمیٹی میں 27 ارکان، لوک سبھا کے ہیں اور 12 ارکان راجیہ سبھا کے ہیں۔

آج صبح جب شوروغل کے دوران ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو وزیر قانون ارجن رام میگھوال نے آئین کی 129ویں ترمیم سے متعلق بل 2024 اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے قوانین میں ترمیم کے بل 2024 کو، پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کے سپرد کرنے کیلئے تحریک پیش کی۔یہ کمیٹی ایوان میں اپنی رپورٹ اگلے پارلیمنٹ اجلاس کے آخری ہفتے کے پہلے داخل کردے گی۔

یہ کمیٹی BJP رہنما PP چودھری ، انوراگ سنگھ ٹھاکر اور پرشوتم روپالا، کانگریس رہنما پرینکا گاندھی اور منیش تیواری، TMC کے کلیان بنرجی ، NCP -SP کے سپریا سولے اور لوک سبھا کے دیگر ارکان پر مشتمل ہے۔X

**Rev PARLIAMENT PROTEST**

NDA کے ارکان نے آج پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں کل کے اُس واقعے پر احتجاج کیا جس میں BJP کے دو رہنما زخمی ہوگئے تھے۔ ارکان پارلیمنٹ نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی توہین کی ہے۔ BJP رہنما انوراگ سنگھ ٹھاکر، رادھا موہن سنگھ، انل بلونی اور دیگر ارکان اِس احتجاج میں شامل تھے۔

BJP کے جنرل سکریٹری ارون سنگھ نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ سینئر کانگریس رہنما راہل گاندھی کو، ناگالینڈ کے ممبر پارلیمنٹ ''پھینگ نون کون یک'' سے اپنے مبینہ رویے پر معذرت کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ایسا واقعہ پہلے کبھی نہیں ہوا۔ BJP ممبر پارلیمنٹ انوراگ سنگھ ٹھاکر نے کہا کہ راہل گاندھی کا جو اڑیل رویہ کل دیکھنے میں آیا وہ بہت ہی افسوس ناک ہے۔

اپوزیشن پارٹی کے ارکان پارلیمنٹ نے بھی مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی، ڈاکٹر امبیڈکر کے بارے میں مبینہ رائے زنی پر، پارلیمنٹ ہاؤس میں احتجاج کیا۔

احتجاج کے دوران راجیہ سبھا میں اپوزیشن رہنما ملکارجن کھڑگے، کانگریس رکن پارلیمنٹ پرینکا گاندھی واڈرا اور آئی این ڈی آئی اے اتحاد کے ارکان پارلیمنٹ بھی موجود تھے۔

پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے پرینکا گاندھی نے زور دے کر کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر کی مبینہ توہین کو ملک میں برداشت نہیں کیا جائے گا۔

راہل گاندھی کے خلاف ایف آئی آر کے بارے میں انہوں نے الزام لگایا کہ اِس سے حکومت کی مایوسی کا اظہار ہوتا ہے۔ انہوں نے کل کے واقعے کے ضمن میں راہل گاندھی کا دفاع بھی کیا جس میں بی جے پی کے ارکان پارلیمنٹ زخمی ہوگئے تھے۔

**CDm President Colousrs**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج ایک باقاعدہ تقریب میں، سکندرآباد میں باوقار کالج آف ڈیفنس مینجمنٹ CDM کو President's Colours عطا کئے۔ یہ ایوارڈ کسی بھی ادارے کی پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت ہوتے ہیں۔

صدر جمہوریہ نے اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ دفاع کے شعبے میں ملک کی خود کفالت اور دفاعی شراکت داری سے نہ صرف ملک کی سرحدوں کی حفاظت ہوگی بلکہ اِس سے، اِس کی دفاعی عالمی شراکت داری کو بھی استحکام حاصل ہوگا۔

صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ حکومت نے 'میک اِن انڈیا'، کاروبار میں آسانی پیدا کرنے اور دفاعی صنعت کی راہداریوں کی تعمیر جیسے اقدامات کے ذریعے دفاعی صنعت کی، ملک کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنے کیلئے بہت اسے اقدامات کئے ہیں تاکہ ہمارے دفاع کے شعبے میں سرمایہ کاری میں اضافہ ہو۔ اِس موقعے پر صدر مرمو نے CDM کے بارے میں ایک خصوصی ڈاک Cover بھی جاری کیا۔ اِس موقعے پر تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے "Pearls of Ancient India Wisdom" کے عنوان سے ایک کتاب کا اجرا بھی کیا۔X

**AMIT SHAH SSB**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے مغربی بنگال کے شہر سلی گڑی کے رانی ڈانگا علاقے میں آج Sashastar سیما بل SSB کے اکسٹھویں یوم تاسیس کے پروگرام میں شرکت کی۔ انھوں نے شہیدوں کو خراج عقیدت اور سلام پیش کیا۔

SSB کے ڈائریکٹر جنرل امرت موہن پرساد بھی اس پروگرام میں موجود تھے۔

مرکزی وزیر نے عملے کے سبھی افراد اور اُن کے کنبوں کو بھی نیک خواہشات پیش کیں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ SSB انڈیا نے اپنی قربانیوں اور شجاعت سے، قومی سلامتی اور عوامی خدمات کو عروج پر پہنچایا تھا۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ SSB کے بہادر سپاہیوں کی کوششیں جو انہوں نے سرحدی علاقوں میں جرائم اور غیرقانونی دراندازی کو روکنے کیلئے، سرحدی سلامتی اور نگرانی کیلئے کیں، قابل تحسین ہیں۔X

**Jaipur Road Accident**

راجستھان کے بھانکروٹا علاقے میں آج ایک گیس ٹینکر میں آگ لگنے کے حادثے میں مرنے والوں کی تعداد 7 ہوگئی ہے اور 33 افراد زخمی ہو گئے ہیں۔

یہ حادثہ آج صبح تقریباً 6 بجے پیش آیا جب اجمیر ہائی وے پر رِنگ روڈ کے قریب دو گیس ٹینکروں میں ٹکر ہوگئی، جس کے بعد ٹینکر میں آگ لگ گئی۔ اس حادثے میں 40 گاڑیاں تباہ ہوگئیں، جن میں 29 ٹرک اور 2 سلیپر بسیں شامل ہیں۔ 4 افراد موقع پر ہی جل کر ہلاک ہو گئے، جبکہ تین دیگر افراد کی علاج کے دوران موت ہوگئی۔

حادثے میں زخمی ہوئے افراد کا علاج SMS اسپتال میں جاری ہے، جن میں سے کچھ کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔

وزیراعلیٰ بھجن لال شرما فوری طور پر اسپتال پہنچے اور انھوں نے زخمیوں کی عیادت کی۔ اِس کے بعد وہ حادثے کی جگہ پر پہنچے اور

پوری صورتحال کا جائزہ لیا۔ ضلع انتظامیہ اور جے پور پولیس کی جانب سے زخمیوں کے اہل خانہ کی مدد کے لیے ہیلپ لائن نمبر جاری کیے گئے ہیں۔

وزیرداخلہ امت شاہ نے بھی کہا ہے کہ یہ حادثہ بے حد دردناک تھا اور انھوں نے مہلوکین کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

راجستھان کے گورنر ہری بھاؤ باگڑے اور دیگر نے بھی اِس حادثے پراظہار افسوس کیا ہے اور حادثے کی تحقیقات کیلئے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندرمودی نے جے پور گیس ٹینکر میں آگ لگنے کے حادثے میں جانیں گنوانے والے خاندانوں سے دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں صدرجمہوریہ نے کہا کہ یہ خبر انتہائی تکلیف دہ ہے۔ صدر مرمو نے زخمیوں کی جلدصحتیابی کیلئے دعا کی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ انہیں اس خبر سے بے حد تکلیف ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ مقامی انتظامیہ متاثرہ افراد کی مدد کررہی ہے۔ وزیراعظم نے زخمیوں کی جلدصحتیابی کی دعا کی۔x

**Om Prakash Chautala Death**

ہریانہ کے سابق وزیراعلیٰ اور انڈین نیشنل لوک دل **INLD** کے رہنما اوم پرکاش چوٹالہ کا آج دوپہر گروگرام میں انتقال ہوگیا۔ وہ **89** برس کے تھے۔ ہریانہ کے پانچ بار کے وزیراعلیٰ اور سابق نائب وزیراعظم دیوی لال کے بیٹے اوم پرکاش چوٹالہ کو، گروگرام میں اُن کی رہائش گاہ پر دل کا دورا پڑا تھا۔ انھیں فوری طور پر اسپتال لے جایا گیا لیکن وہ بچ نہ سکے۔X

**India Lesotho Assistance**

بھارت نے جنوبی افریقی ملک **Lesotho** کو انسانی بنیاد پر مدد فراہم کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ ایک ہزار میٹرک ٹن کا ایک کنسائنمنٹ **Nhava Sheva** بندرگاہ کے ذریعہ سے **Lesotho** کو روانہ کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ کنسائنمنٹ ملک کے لوگوں کو خوراک اور غذائی ضروریات کو پورا کرے گا۔x

**VP Chandigarh**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ ایک روزہ دورے پر کل چنڈی گڑھ جائیں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب دھنکھڑ چنڈی گڑھ میں پنجاب یونیورسٹی کے پانچویں گلوبل **Alumni Meet** کا افتتاح کریں گے۔ نائب صدر یونیورسٹی کے وائس چانسلر بھی ہیں۔x

**xxxxxxxxx**